پندرہ روزہ

الہلال

ٹورانٹو - کنیڈا

قیمت ۵۰ سینٹ

بیرونِ وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیر الاشاعت اخبار

۱۲ رمضان ۱۴۰۳ھ — ۲۵ جون ۱۹۸۳ء

جلد نمبر ۲ — شمارہ ۱۲

روس افغانستان پر پاکستان کی تجاویز منظور کرلے گا

افغانستان کے وزیر خارجہ شاہ محمد دوست کو صورت حال سے آگاہ کر دیا گیا

پاکستان مجاہدین کے اشتراک سے قائم ہونے والی افغان حکومت تسلیم کرلے گا

جنیوا میں افغانستان اور پاکستان کے درمیان بالواسطہ مذاکرات جمعرات کو شروع ہونگے،

[illegible]

پاکستان اور بھارت مختلف شعبوں میں تعاون پر متفق ہو گئے

تیسری دنیا کے ملکوں میں مشترکہ صنعتی منصوبوں کے قیام پر غور کیا جائیگا

[illegible]

نائب صدر مقرر کیا جائے گا

وفاقی کابینہ میں ردوبدل

[illegible]

کراچی میں ۲ خواتین وکلاء کی بھوک ہڑتال

[illegible]

ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے وزیر اعلیٰ کے عہدے کا حلف اٹھالیا

[illegible]

تین مقامات پر سرکاری و نجی املاک کو نذرِ آتش کر دیا گیا

[illegible]

وفاقی بجٹ عوام کی ضرورتوں سے بے پرواہ ہو کر بنایا گیا (ظفر)

بجٹ عوام کی توقعات پر پورا نہیں اترتا: میاں طفیل

[illegible]

صدر کو ہسپتال سے فارغ کر دیا گیا

[illegible]

پاکستانی قوم ایک کھرب ۴۰ ارب روپے کی مقروض ہے

[illegible]



تحریر: ناصر محمود

کا آغاز کیا تھا۔ میں نہ کسی کے خلاف ہوں اور نہ کسی کی حمایت کر رہا ہوں بلکہ مجھے کوئی تشویش اور پیشانی ہے تو یہ کہ اس فلم میں تاریخی حقیقتوں کو مسخ کیا گیا ہے جس کی وجہ سے میں اصل صورتحال کی اس کے صحیح تناظر میں تصویر کشی پر مجبور ہو گیا ہوں۔"

یہودیوں اور عیسائیوں نے اپنے مذہب اور اقوام کی شہرت اور پروپیگنڈے کی خاطر فلم کے رابطہ کو کامیابی کے ساتھ استعمال کیا ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ عیسائیت کی تبلیغ اور اس کے فروغ میں سب سے زیادہ اہم کردار ان کی فلموں نے ادا کیا ہے۔ لیکن مسلمانوں نے اس میدان کی اہمیت کو ابھی تک محسوس نہیں کیا ہے۔ پاکستان میں اگرچہ فلموں کے ذریعے بیان کرنے کی کوشش ہی نہیں کی، بلکہ ان لوگوں کی حوصلہ شکنی کی گئی جنہوں نے کبھی اس جانب کوئی قدم بڑھانے کی کوشش کی۔ یہ کہنا قطعی غلط ہو گا کہ ہماری فلمی صنعت میں سب کے سب جوکر اور جاہل لوگ رہے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری فلمی صنعت میں بھی محب وطن لوگ موجود تھے لیکن ہماری سابقہ حکومتوں نے اپنی پالیسیوں کے ذریعے دانستہ طور پر انہیں فلم کے ذریعے قومی خدمت کے اعزاز سے محروم رکھا۔ اس کے باوجود وہ اپنے طور پر کچھ نہ کچھ کرنے کی کوشش میں مصروف رہے جس کے نتیجے میں کچھ بہت عمدہ فلمیں وجود میں آئیں [illegible]

[illegible]

آج کی دنیا میں فلم کے ذریعے جو انقلاب برپا کر رکھا ہے وہ اب کسی سے ڈھکا چھپا نہیں رہا ہے۔ زمانہ جوں جوں ترقی کر رہا ہے فاصلے سمٹتے جا رہے ہیں اور دنیا کا گھیرا تنگ ہوتا جا رہا ہے۔ پرانے زمانوں میں جو ذرائع ابلاغ لوگوں کو میسر ہوتے تھے وہ آج ختم ہو چکے ہیں۔ [illegible]

الفتح میں بغاوت کے داخلی و خارجی عوامل

[illegible]

یاسر عرفات نے لبنان میں بدستے والی فوجی طاقت کو بیاسی کے بچ کو زائل کرنے کی کوشش کی تھی لیکن وہ کامیاب نہیں ہوئی

[illegible]

پندرہ روزہ
الہلال
سوڈرانسٹولینڈا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ۝

سنو! جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہے اور نہ غم ہوگا (القرآن)

صدر صاحب کو ایک صائب مشورہ

کالعدم جماعت اسلامی پاکستان کے امیر میاں طفیل محمد صاحب نے ایک بہت اہم اور اصولی بات کہی ہے کہ اگر صدر جنرل محمد ضیاء الحق صاحب اسلامی نظام نافذ کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لیے اپنی پارٹی بنائیں ورنہ اس وقت وہ جس گروہ کے ذریعے یہ کام کرنا چاہتے ہیں وہ تو سارے کا سارا وہ ہے جو اسلام کے نفاذ میں اپنی موت سمجھتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ ہے کہ جتنا یہ اسلام لانے کی کوشش کرتے ہیں اتنے ہی جرائم بدعنوانی رشوت چوریاں اور ڈاکے بڑھتے ہیں۔

میاں صاحب کی یہ بات اس لیے صحیح اور درست ہے کہ کسی نظام کا نفاذ ان ہی افراد کے ہاتھوں ہو سکتا ہے جو ان افکار و نظریات پر راسخ یقین رکھتے ہوں اور اپنے عمل کو بھی جنہوں نے اس فکر کے مطابق ڈھالا ہو۔ ایسے افراد کی کوئی جمعیت ہی اس عظیم الشان کام کی تکمیل کے مرحلے میں موثر نگران کا کردار ادا کر سکتی ہے۔ موثر نگرانی کے بغیر کاغذی کارروائیاں ہو سکتی ہیں۔ منصوبوں، تجویزوں، خاکوں اور قواعد و قوانین اور دستاویزات کے انبار برائے نمائش لگ سکتے ہیں مگر نفاذ اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک میدان عمل میں محرک اور نگران قوت موجود نہ ہو۔ یہ محرک اور نگران قوت ایسے افراد کی کوئی منظم جماعت ہی ہو سکتی ہے جو اس نظام کو عملاً نافذ کرنے کا مخلصانہ نصب العین اور عزم رکھتی ہو۔

میاں صاحب صحیح کہتے ہیں کہ اگر صدر جنرل محمد ضیاء الحق کو نظام اسلام نافذ کرنا تھا تو پہلے انہیں چاہیے تھا کہ اپنی کوئی جماعت منظم کرتے، قوم میں سے ان لوگوں کا اعتماد حاصل کرتے جن کی دیانت و امانت پر بھروسہ کیا جا سکے۔ چنانچہ آج بھی اگر صدر صاحب اپنی پارٹی بنائیں تو ہم اس کا خیر مقدم کریں گے۔

سیکولرازم کی شکست

مقبوضہ کشمیر کے ریاستی انتخابات میں شیخ عبداللہ کی پارٹی نیشنل کانفرنس نے حتمی اکثریت حاصل کر لی ہے۔ بھارت کے مخصوص حالات میں ان انتخابات کو خاص اہمیت حاصل تھی۔ جنوبی ہند کے ریاستی انتخابات میں حالیہ شکست اور آسام اور پنجاب میں حکمران اندرا کانگریس کے خلاف شدید تحریکوں کے باعث مسز گاندھی کی حکومت پر ملک گیر عدم اعتماد کا سلسلہ جاری ہے۔ کھلے رہا تھا۔ اس پس منظر میں مقبوضہ کشمیر کے ریاستی انتخابات کو ایک کسوٹی کے طور پر لیا جا رہا تھا۔ مسز گاندھی نے ذاتی طور پر انتخابی مہم کے دوران جس غیر معمولی سرگرمی کا مظاہرہ کیا اس سے بھی ظاہر ہو رہا تھا کہ وہ انہیں اپنی جماعت کی آزمائش تصور کر رہی ہیں۔ لیکن نتائج سے عدم اعتماد کی ہی لہر چل رہی ہے۔ مقبوضہ کشمیر بھی اس سے مستثنیٰ نہیں۔ وہاں مسز گاندھی کی قد آور شخصیت کے سامنے فاروق عبداللہ کی حیثیت ایک "کل کے بچے" کی تھی۔ انہیں اپنے والد شیخ عبداللہ مرحوم کا تجربہ اور سیاسی بصیرت نہ تھی۔ ان کے خلاف مرکز کی حکمران جماعت نے اپنے اختیارات و اثر و رسوخ کا بھی بے دریغ استعمال کیا۔ ان ساری باتوں کے باوجود وادی کشمیر میں اندرا کانگریس کو بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا۔ ان انتخابات سے ایک تو یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ بھارت کے دوسرے علاقوں کی طرح مقبوضہ کشمیر کے عوام بھی مسز گاندھی کی حالیہ پالیسیوں کو ناپسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

دوسری بات جو ان نتائج سے ظاہر ہوئی ہے وہ یہ ہے کہ سیکولرازم کے نعرے کا کھوکھلا پن۔ مسز گاندھی نے اپنی انتخابی مہم کے دوران سارا زور سیکولرازم کی وکالت پر صرف کیا۔ فاروق عبداللہ بھی سیکولرازم کا پرچار کرتے رہے۔ لیکن یہ دونوں نعرے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال میں کوئی تبدیلی نہ لا سکے۔ مسز گاندھی کو جموں کے ان علاقوں سے ووٹ ملے جو ہندو اکثریت کے حامل ہیں اور فاروق عبداللہ کو مسلم اکثریت کے ان حلقوں میں کامیابی حاصل ہوئی جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے۔ گویا نعرہ بازی نے تقسیم ہند کے فیصلہ کن عنصر، آج بھی قومیت کا وہی نظریہ ہے جو قائد اعظمؒ نے پیش کیا تھا۔ مقبوضہ کشمیر کے مخصوص حالات میں مسلم ووٹ کا رجحان اس امر کی شہادت بھی ہے کہ ریاست کے مسلمان کو اپنے وطن کی وہ صورتحال پسند نہیں جو نئی دہلی کے حکمرانوں نے ان پر جبراً مسلط کر رکھی ہے۔

فائدے سے زیادہ گناہ

پوچھتے ہیں شراب اور جوئے کا کیا حکم ہے؟ کہو ان دونوں چیزوں میں بڑی خرابی ہے۔ اگرچہ ان میں لوگوں کے لئے کچھ منافع بھی ہیں مگر ان کا گناہ ان کے فائدے سے بہت زیادہ ہے۔ پوچھتے ہیں ہم راہ خدا میں کیا خرچ کریں؟ کہو جو کچھ تمہاری ضرورت سے زیادہ ہو۔

(البقرہ ۲۱۹)

القرآن

حرام کی کمائی

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ "جس شخص نے دس درہم کا کوئی کپڑا خریدا اور ان میں ایک درہم بھی حرام کا تھا تو جب تک وہ کپڑا اس کے جسم پر رہے گا اس کی کوئی نماز اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول نہ ہوگی۔"

(بیہقی۔ مسند احمد)

السنۃ

تزکیہ — کشش صدیقی

تیس دن کے لئے ہیں شیاطین بند
سارے جھگڑوں کا اب تصفیہ کیجیے

موقع ہے ذہن اور قلب کیجیے جِلا
وقت ہے نفس کا تزکیہ کیجیے

دُرِ زندہ تحریر

روزے کی فضیلت

یہ بات سمجھ لینی چاہیے کہ رمضان کے روزوں کو صرف عبادت اور تقویٰ کی تربیت ہی نہیں قرار دیا گیا ہے بلکہ انہیں مزید براں اس عظیم الشان نعمت ہدایت پر اللہ تعالیٰ کا شکریہ بھی ٹھیرایا گیا ہے جو قرآن کی شکل میں اس نے ہمیں عطا فرمائی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایک دانشمند انسان کے لیے کسی نعمت کی شکر گزاری اور کسی احسان کے اعتراف کی بہترین صورت اگر ہو سکتی ہے تو وہ یہی ہے کہ وہ اپنے آپ کو اس مقصد کی تکمیل کے لیے زیادہ سے زیادہ تیار کرے جس کے لیے عطا کرنے والے نے وہ نعمت عطا کی ہو۔ قرآن ہم کو اس لیے عطا فرمایا گیا ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی رضا کا راستہ جان کر خود اس پر چلیں اور دنیا کو اس پر چلائیں۔ اس مقصد کے لیے ہم کو تیار کرنے کا بہترین ذریعہ روزہ ہے لہٰذا نزول قرآن کے مہینے میں ہماری روزہ داری صرف عبادت ہی نہیں ہے اور صرف اخلاقی تربیت ہی نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ خود اس نعمت قرآن کی بھی صحیح اور موزوں شکر گزاری ہے۔

رمضان کے آخری عشرہ میں معتکف ہونے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی رمضان کے آخری دس دن مسجد میں رہے اور یہ دن اللہ کے ذکر کے لیے مختص کر دے۔ اس اعتکاف کی حالت میں اپنی انسانی حاجات کیلئے مسجد سے باہر جا سکتا ہے مگر لازم ہے کہ وہ اپنے آپ کو شہوانی لذتوں سے روکے رکھے۔

(تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ) میں یہ نہیں فرمایا کہ ان حدود سے تجاوز نہ کرنا بلکہ یہ فرمایا کہ ان کے قریب نہ پھٹکنا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ جس مقام سے معصیت کی حد شروع ہوتی ہے ٹھیک اسی مقام کے آخری کناروں پر گھومتے رہنا آدمی کیلئے خطرناک ہے۔ سلامتی اسی میں ہے کہ آدمی اس سے دور رہے تاکہ بھولے سے بھی قدم اسکے پار نہ چلا جائے۔ بکثرت لوگ معصیت اور معصیت سے بھی بڑھ کر ضلالت میں مبتلا ہو رہے ہیں کیونکہ اس باریک سرحدی خطوط کے عین اوپر کنارے پہنچ کر اپنے آپکو قابو میں رکھنا ہر ایک کے بس کا کام نہیں ہے۔

مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ
تفہیم القرآن حصہ اول ۱۴۴

بر سبیل تذکرہ

چنانچہ پنجسالہ منصوبے پر اعداد و شمار کا ایک انبار لگا کر رکھ دیا ہے۔ جیسے ڈاکٹر محبوب الحق، غلام اسحٰق خان یا ڈاکٹر محبوب ہی سمجھ سکتے ہیں۔ تاہم اس میں دو ایک باتیں ہم جیسے ناسمجھوں کے لئے بھی ہیں اور خوش کن بھی ہیں۔ مثلاً سب سے اہم بات تو یہ کہ تقریباً ہر غریب کے منصوبے میں یہ کہا ہے کہ ہر خاندان کی سالانہ آمدنی میں ۸ سو روپے اضافہ ہو جائے گا۔ اب ہم بڑی بے چینی سے آئندہ ۵ سال ختم ہونے کے منتظر ہیں۔ کیونکہ منصوبے میں یہ وضاحت بہرحال نہیں ہے کہ منصوبہ شروع ہوتے ہی یہ ۸ سو روپے کا اضافہ ہو جائے گا۔ یا اس کے لئے ساتویں منصوبے کی شروعات کا انتظار کیا جائے گا۔

۸ سو روپے سال کی اضافی آمدنی کا تصور بڑا پرکشش ہے۔ ۸ سو روپے سالانہ کا مطلب ۶۶ روپے ماہوار ہے، جب ہر ماہ اتنی بڑی رقم ملا کرے گی تو کتنا مزا آئے گا۔ اسے کہاں کہاں خرچ کریں گے، ہم نے تو ابھی سے بہت سے منصوبے بنا لئے ہیں۔ بجٹ میں اگر کوئی جبا تک اضافہ نہ ہوا اور اس سال کوئی حسب معمول عام آدمی متاثر نہ ہوا تو پنجسالہ منصوبہ کے اس اضافے کی ہر ماہ کی رقم جمع کر کے ایک جوڑا خریدنے کا منصوبہ قابل عمل ہو سکتا ہے۔ اگلے چار ماہ کی رقم میں ایک جوڑی جوتا خریدا جا سکتا ہے، جس کے لئے ہم کئی سال سے منصوبہ بندی کر رہے ہیں۔ اور باقی ۶ ماہ کے سو سو روپے میں کوئی بھی بڑی عیاشی ہو سکتی ہے۔ مثلاً بیوی کے لئے بھی ایک جوڑا خرید لیا جائے، جہیز کے کپڑے کب تک چلیں گے اور اگر یہ سب نہیں تو کم از کم پرچون والے کی شکایات کو ہی ہر ماہ

کچھ کمی ہو سکتی ہے۔ دال میں گھی کا تڑکا لگ سکتا ہے۔ گوشت ہفتے میں ایک سے زائد بار کھایا جا سکتا ہے۔ ان پچیس روپوں سے تو آسمان میں تھگلی لگائی جا سکتی ہے، خدا ڈاکٹر محبوب الحق کو سلامت رکھے۔ کیا عظیم منصوبہ پیش کیا ہے۔ اب پتہ چلا کہ اس ملک میں صرف غلام اسحٰق خان ہی نہیں، کوئی اور ڈاکٹر بھی ہے۔ ہم تو کہیں ڈاکٹر محبوب کو وزارت خزانہ بھی سونپ دی جائے۔

آمدنی میں ۸ سو روپے سالانہ کے اس خطیر اور غیر متوقع اضافہ پر ہمارے منصوبے تو جو تھے سو ہم نے پیش کر دیئے، لیکن محلے کی خواتین نے سال کی یہ بہترین خبر ہماری بیگم تک بھی پہنچا دی اور پھر یہ ثابت نہیں ہوا کہ ان کے منصوبے ہمارے منصوبوں سے اتفاق کر گئے ہوں، ویسے ہم دونوں اس پر متفق ہیں کہ منصوبہ بندی میں بیگم صاحبہ ہی کو کمال حاصل ہے۔ وہ تو ذرا بیچ میں قدرت اور غلام اسحٰق خان حائل ہو جاتے ہیں، ورنہ اس وقت ہم پتہ نہیں کیا ہوتے۔ کم از کم کام والی تو نہ ہوتے۔ چنانچہ ان تک یہ خبر پہنچتے ہی اٹھتے بیٹھتے دوسرے ہی منصوبے بننے لگے جن میں ہمارا تذکرہ برائے بیت صرف اتنا تھا کہ اب ہمیں صبح کو ایک پیالی چائے کے بجائے دو پیالی ملنے لگے گی۔ ایک عظیم تر منصوبہ یہ تھا کہ کل پنجسالہ اضافی آمدنی چار ہزار روپے جمع کر کے دسیوں کمیٹیوں میں ایک فلیٹ بک کرا لیا جائے گا۔ قسطوں کے لیے ساتویں پنجسالہ منصوبے میں کوئی بندوبست ہو جائے گا۔ اور پھر جب دس سالہ پنجسالہ منصوبہ ختم ہو گا، تو ہماری اولاد کے پاس دو کمروں کا ذاتی مکان ہو گا، لیکن ع

اے وائے دے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا
تعبیر کے پہلو میں تفسیر نظر آئی!

ہم یہ تو بھول ہی چکے تھے کہ ہم نیم صحافی ہیں۔ اور جس خاندان کی آمدنی میں اضافہ ہوا ہے، ہمارا شمار اس خاندان میں نہیں، گذشتہ

سال غلام اسحٰق خان نے جو بجٹ اعلان کیا تھا اس کے ذریعہ ہر ملازم کی تنخواہ میں مہنگائی الاؤنس بڑھوا دیا تھا۔ اور صحافیوں کی تسلی کے لئے کہا تھا کہ میں ان کے لئے سفارش کرتا ہوں۔ ان کی اس سفارش کا بہت بہت شکریہ، اس مرتبہ وہ صرف دعا ہی کریں گے، ان کی دعا کا بھی شکریہ!

مذکورہ بالا خبر ہمارے مالک مکان کو بھی مل چکی ہے اور اس نے بادل دیکھ کر گھڑا جو ہاتھ میں تھا سر پہ پھینک دیا ہے، مکان کے کرایہ میں ۱۰۰ روپیہ ماہوار اضافے کا مطالبہ کر دیا ہے۔ اس کا کہنا ہے کہ ۸ سو روپے تو اس پنجسالہ منصوبے کے کہیں نہیں گئے اور پھر سالانہ انکریمنٹ بھی ملے گا۔ دیکھیں نا! میری آمدنی کا ذریعہ تو یہی چند مکانات اور دکانیں وغیرہ ہیں جن کے پاس جاؤں گا اور ان کے ساتھ ہی بجلی و پانی کے نرخوں میں اضافہ کے امکانات

دلِ زندہ — علامہ اقبالؒ

دلِ زندہ و بیدار اگر ہو تو بتدریج
بندے کو عطا کرتے ہیں چشم نگراں اور

الفاظ و معانی میں تفاوت نہیں لیکن
مُلاّ کی اذاں اور، مجاہد کی اذاں اور

غفار خان صوبہ سرحد کو خود مختار چاہتے تھے

دفاع، امور خارجہ اور مواصلات کے سوا تمام شعبوں میں خود مختاری اور بعد ازاں پاکستان سے الگ ہونے کا اختیار دینے کی تجویز پیش کی گئی تھی

قائد اعظم نے تجویز سن کر غفار خان سے ملاقات مسترد کر دی تھی

یہ معاملات طے کرنے کا اختیار پاکستان کی پارلیمنٹ کو ہوگا۔ قائد اعظم کا موقف

[illegible]

سکھوں نے نئی تحریک شروع کرنے کا اعلان کر دیا

اجودھیا کو پنجاب سے گذرنے والی گاڑیاں روک لی جائیں گی

[illegible]

اسپین میں قادیانیت کا ڈٹ کر مقابلہ کیا جائے گا: ڈاکٹر ملا پی

پاکستان کے مسلمان فکر مند نہ ہوں۔ میڈرڈ میں اسلامک سینٹر کے سربراہ کا پیغام

[illegible]

سنگر لڑکیوں کا ماتم

[illegible]

فیصل آباد میں عدالتی فیصلے کے خلاف پولیس کا احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے اسسٹنٹ کمشنر پر حملہ کر دیا۔ ایف آئی آر درج کرنے سے انکار

[illegible]

اسلامی نظام کے نفاذ کا دعویٰ محض اقتدار مضبوط کرنے کا بہانہ ہے، میاں طفیل

[illegible]

ایم آر ڈی کے رہنماؤں نے نماز ادا کی

لاؤڈ اسپیکر نہ ہونے سے مقررین کے گلے بیٹھ گئے

[illegible]

تحریک اسلامی پاکستان کی نظریاتی اساس پر آنچ نہیں آنے دے گی

قرآن کی تعلیمات کو عام کیا جائے، چوتھے سالانہ دورہ تفسیر قرآن کی تقریب سے خطاب

مسئلہ کشمیر کے حل کے بغیر مذاکرات منافقت ہوں گے، میاں طفیل

[illegible]

سول نافرمانی کی تحریک کے دوران گرفتاریاں پیش کرنے والے کارکنوں کو معاوضے دیے جائیں گے

ایم آر ڈی نے اصول وضع کر لیا۔ ۵ جولائی کو یوم سیاہ منانے کا پروگرام

[illegible]

کالعدم پیپلز پارٹی کا جھنڈا لہرانے پر مقدمہ


[illegible]

سرینگر میں خوفناک فسادات

چھ سو افراد شدید زخمی

شہر میں ۲۴ گھنٹے کا کرفیو

سری نگر — مقبوضہ کشمیر کے دارالحکومت سری نگر میں آج چھ سو افراد زخمی ہو گئے جس کے باعث شہر میں ۲۴ گھنٹے کا کرفیو لگا دیا گیا ہے ...



قاتل آصف علی

گلشن اقبال میں بیٹے نے ماں اور دو بہنوں کو قتل کر دیا

ملزم لاہور انجینئرنگ یونیورسٹی کا طالب علم ہے، خاندان ایک ہفتہ قبل ہی رہنے ... ماموں کی بہن کے گھر آیا تھا





آصف علی کے ہاتھوں قتل ہونے والی اس کی دو بہنیں ... دیبا اور گلشن ...

ملزم ماں کی عدم توجہ اور ماں بہنوں کے کردار کا شاکی ہے

انہوں نے میری نصیحت کو ہمیشہ مذاق میں اڑا دیا، مجھے کوئی ندامت نہیں: آصف علی

ایم آر ڈی کے صوبائی کنونشن میں

نعرے بازی، تلخ کلامی اور واک آؤٹ

مرکزی قیادت پر عدم اعتماد کا اظہار

"ایک مزاری ہی تو لیڈر نہیں ہیں"

کالعدم تحریک استقلال کی نمائندگی حشمت حبیب نے کی

پختونوں کا سودا کرنے والے حقوق کی بات کس حیثیت میں کر رہے ہیں

سرحد کے عوام روسیوں کے دام فریب میں نہیں آئیں گے: منظور حسین

سکھوں کے پاس اسلحہ بھارتی فوجی افسروں کے ذریعے پہنچا

بھارتی حکومت نے ممکنہ خطرات کیلئے انتہائی اقدامات شروع کر دیئے



یہ کوئی لڑکی کی منگنی ... پاکستان کو امداد ... قرضے ملنے کی خوشی ...

ڈھاکہ یونیورسٹی میں حکومت کے حامی و مخالف طلبہ میں تصادم

مارشل لاء کے خلاف نعرے، مشتعل طلبہ نے وزیر زراعت کو یونیورسٹی سے نکال دیا

میری نظربندی اور رہائی کی کوئی اہمیت نہیں: اصغر خان

اصل مسئلہ عوام کے حقوق کی بحالی ہے، جمہوریت کی جدوجہد تیز کی جائے

قتل کرنے والوں پر فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائیگا: گورنر سرحد

ملک میں گرتا ہوا معیار تعلیم بچوں کی سرگرمیوں سے والدین کی عدم توجہی کا نتیجہ ہے

شیخ اور شیخہ میں مقدمے بازی

لارڈز میں انگلستان کے ہاتھوں پاکستان کی عبرتناک شکست

پاکستان کے کھلاڑیوں کا بیٹنگ، بولنگ اور فیلڈنگ میں مایوس کن کھیل

لندن — [illegible]

ورلڈ کپ چیمپئن ویسٹ انڈیز کی ٹیم بھارت سے ہار گئی

بھارت کے ۲۹۲ رنز کے مقابلے میں ویسٹ انڈیز نے ۲۲۸ رنز بنائے

لندن — ورلڈ کپ چیمپئن ویسٹ [illegible]



جاوید میانداد جو کپتان عمران کے ساتھ ... ظہیر عباس کی طرف ... [illegible]

پنجاب میں راشن کے آٹے کی قیمتوں میں اضافہ

لاہور — [illegible]

ماسکو میں گرومیکو سے صاحبزادہ یعقوب کے تنہائی میں طویل مذاکرات

پاکستان اور سوویت یونین کے درمیان ... تعلقات ... [illegible]

اسلام آباد — [illegible]

مولانا مودودی کے بیٹے حیدر فاروق نے کاپی رائٹ بورڈ میں اپیل دائر کردی

حفیظ الرحمٰن احسن پر مولانا مودودی کی کتابیں بحق خود رجسٹر کروا لینے کا الزام

لاہور — مولانا مودودی کے بیٹے حیدر فاروق [illegible]

بیٹسمینوں کے مایوس کن کھیل کی بنا پر پاکستان ہار گیا

پاکستان کے ... کھلاڑی کوئی رن بنائے بغیر آؤٹ ہو گئے

عبدالقادر کے شاندار کھیل پر انہیں "مین آف دی میچ" قرار دیا گیا

لندن — [illegible]

... سے کم رقم پر زکوٰۃ نہیں کٹے گی

اسلام آباد — [illegible]

ایم آر ڈی کی تحریک ... کے بہانے ... [illegible]

لاہور (سٹاف رپورٹر) کالعدم خاکسار تحریک کے سربراہ ... اشرف خان نے کہا ہے کہ ... [illegible]

پٹاخہ منہ میں رکھ کر چبانے سے آٹھ سالہ بچی کے تمام دانت ٹوٹ گئے

لاہور — آتش بازی کا پٹاخہ ... [illegible]

شیخ رشید کو علاج کے لئے بیرون ملک جانے کی اجازت مل گئی

لاہور — [illegible]



لاہور میں ... کے بعد سڑکوں پر سیلاب کا ایک منظر

منتخب افسانہ

انتظار

بدگمان محبوب کی بے امان کہانی

دردمندوں اور غمگساروں کیلئے

وفا شعار تحریر



... مارے تھکن کے ہید مہری چال تیزی دکھائی دیتی تھی جو بھوک کی شدت سے بیتاب ہے ... پھر کیا ہوگا؟ سوالات کہ جیسے ... چیزیں تھیں جو اس کے ذہن کو کچوکے دے رہی تھیں ... [illegible]

"ہاں کیوں نہیں، کیا میں ڈرتی ہوں۔"

"نہیں نہیں تم کبھی ایسا نہیں کر سکتیں۔"

"اچھی طرح سوچ لو" ...

[illegible]

نہیں تھا تمام کائنات محو خواب تھی۔ وہ آسمان پر نظر جمائے ستاروں کو تک رہی رات کی سیاہی ... [illegible]

"کیا بات ہے تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟"

وہ آہستہ سے بولا

"تم خاموش کیوں ہو؟"

[illegible]

شام ہوتے ہی وہ
گھبرا گیا تھا لیکن ایک
روز وہ اچانک غائب ہو گیا
زرینہ اس کے انتظار میں
مجسم سوال بن گئی

[illegible]

... وہ اس کے لئے تیار نہیں تھا۔ ایک لمحہ اس کے چہرے پر ... پھر صرف چند سیکنڈ اس کی یہ کیفیت رہی آہستہ آہستہ وہ پرسکون ہوتا چلا گیا۔ چند لمحے اسی طرح خاموشی میں گزر گئے۔

غزل



محبت عام ہو کر رہ گئی ہے
صداقت خام ہو کر رہ گئی ہے
بگڑتے وقت کے ہاتھوں جوانی
چھلکتا جام ہو کر رہ گئی ہے
لبوں پر مہر ہے خاموشیوں کی
وفا بدنام ہو کر رہ گئی ہے
مرے اللہ کی ساری خدائی
تمہارے نام ہو کر رہ گئی ہے
اُداس آنکھوں سے ایسا لگ رہا ہے
کہ جیسے شام ہو کر رہ گئی ہے
انیس اس دور میں عرض حقیقت
برائے نام ہو کر رہ گئی ہے!

عورت اور رسولِ خداؐ

شوہر کا حق

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالٰی عنہا روایت کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ

"عورت پر سب سے بڑھ کر حق اس کے شوہر کا ہے۔"

عورت کے دل میں شوہر کے لئے جو راہ ہے کسی دوسری چیز کے لئے نہیں۔

(ابن ماجہ، حاکم، فتاویٰ رضویہ)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ عرب کی عورتوں میں قریش کی عورتیں بہت اچھی ہیں اس لئے کہ وہ

1۔ اپنے بچوں پر بہت شفقت کرتی ہیں۔
2۔ اپنے شوہر کے مال و دولت کی حفاظت کرتی ہیں۔
3۔ اور اس کی آمدنی کے اندر اپنے اخراجات پورے کرنے میں سب عورتوں پر سبقت لے جاتی ہیں۔

(بخاری)

عورت اور خوشبو

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت خوشبو لگا کر مردوں کے پاس سے گزرے تاکہ وہ اس کی خوشبو سونگھیں تو وہ عورت بدکار ہے۔

(نسائی شریف)

عورت اور باریک کپڑا

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ

"اللہ تعالٰی کی لعنت ہے ان عورتوں پر جو لباس پہن کر بھی ننگی کی ننگی رہیں۔"

حضرت حفصہؓ بنت عبدالرحمٰن حضرت عائشہ صدیقہؓ کی خدمت میں باریک دوپٹہ اوڑھ کر حاضر ہوئیں تو حضرت عائشہ نے اسے پھاڑ دیا اور ایک موٹی اوڑھنی ان کو اوڑھا دی۔

عورت اور ناشکری

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت مجھے جنت و دوزخ کا مشاہدہ کرایا گیا تو میں نے دیکھا کہ دوزخ میں عورتوں کی تعداد زیادہ ہے۔ صحابہ کرامؓ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ جہنم میں عورتوں کی تعداد زیادہ کیوں؟ فرمایا اس لئے کہ عورتیں اپنے شوہروں کی ناشکری کیا کرتی ہیں۔

(حدیث)

قرآن پاک کی آیات مقدسہ اور احادیث مبارکہ تبلیغ اور دینی علم میں اضافہ کے لئے اخبارات میں شائع کی جاتی ہیں لہٰذا قارئین کرام کا فرض ہے کہ جن صفحات پر قرآن پاک کی آیات یا احادیث شائع کی گئی ہوں ان کو بے حرمتی سے بچائیں۔ اور اسلامی طریقے سے تلف کریں۔ (ادارہ)

fortnightly
al-Hilal

Vol.12 No.7
June 25, 1983
Phone: (416) 474 9292

50 ¢

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ont.
Canada M2H 2P6

Editor: S. Sajjad Hyder
Managing Director: M. Lateef Owaisi

پاکستان کے دفاعی اخراجات کے لئے ۲۵ ارب روپے مختص کر دیئے گئے

ریلوے کے کرایوں، سگریٹ، سیمنٹ، گیس اور کھاد کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا گیا

اسلام آباد ـــــ گذشتہ دنوں پاکستان کے وفاقی وزیر خزانہ جناب غلام اسحاق نے بجٹ کا اعلان کیا ہے جس کے مطابق بیگیج قوانین میں تبدیلیوں کا اعلان کیا ہے۔ تاہم انہوں نے اس بات کا اعلان کیا ہے کہ بیگیج میں دی جانے والی سہولتوں سے ناجائز فائدہ اٹھایا جا رہا ہے جبکہ بیرونی ممالک سے آنے والے افراد کو اپنے رشتہ داروں کے لئے تحائف لانے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔

وفاقی وزیر خزانہ نے پاکستانی شہریوں کے بیرونی ممالک سفر کے لئے پی فارم کی بجائے ایک موثر متبادل نظام نافذ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ اس نئے نظام کے تحت ہوائی کمپنیاں پاکستانی شہریوں کو پی فارم کے بغیر پاکستانی روپوں کے عوض ہوائی سفر کا ٹکٹ فروخت کر سکیں گی۔ غیر ملکی ہوائی کمپنیوں کے ذریعے سفر کی سہولت دو سال میں ایک دفعہ بدستور قائم رہے گی۔ تاہم متبادل نظام کی تفصیلات تیار کی جا رہی ہیں۔ جس تاریخ سے اس پر عمل ہوگا اس کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔ اب یہ ممکن ہوگا کہ ایک ہزار ڈالر کا سفری کوٹہ دو سال کے عرصے میں سات قسطوں میں حاصل کیا جا سکے گا۔ یہ کوٹہ زرمبادلہ کے کاروبار کے مجاز اداروں یا سپورٹ جیٹی کرنے پر سٹیٹ بینک کے علاوہ ہر ملک کے لئے ۵۰ ڈالر کی اتفاقی اخراجات کے لئے دیا جائے گا۔ بھارت کے لئے فی سفر ۲۵ ڈالر

اور شکر دستیں کئے گئے۔ ۵ ڈالر زرمبادلہ دیا جائے گا۔ افغانستان کے لئے کوئی زرمبادلہ جاری نہیں کیا جائے گا۔

بجٹ کی خاص خاص جھلکیاں حسب ذیل ہیں:

ـ ایکسائز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس پر ۲ فیصد سرچارج عائد کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

ـ سگریٹ، چھالیہ، پان، بیڑی کے پتے، بیرونی موٹر سائیکلوں اور مشروبات پر کسٹم ڈیوٹی بڑھا دی گئی ہے۔ جوس، شربت اور سکواش پر ۵ فیصد اور اشیاء سے تیار شدہ مشروبات پر ایکسائز ڈیوٹی کے حساب سے ڈیوٹی نافذ ہوگی۔

ـ بجلی کی موٹروں پر دی جانے والی رعایت ختم کر دی گئی ہے۔

ـ زکوٰۃ تین ہزار روپے سے زائد پر کاٹی جائے گی۔

ـ افغان مہاجرین کے لئے ۸۰ کروڑ روپے رکھے گئے ہیں۔

ـ ریلوے کے کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ درجہ دوم کے کرایوں میں ۱۰ فیصد، درجہ اول کے کرایوں میں ۵ فیصد اور ایئر کنڈیشنڈ سفر کے کرایے ۴ فیصد بڑھائے گئے ہیں۔

ـ عام انتخابات کے لئے ساڑھے تین کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔

ـ دفاعی اخراجات کے لئے ۲۵ ارب ۲۱ کروڑ ۹۲ لاکھ روپے رکھے گئے ہیں۔

ـ چینی کی درآمد بند کر دی گئی ہے۔ سیمنٹ، کھاد اور گیس کے نرخوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔

ـ ۸۴-۱۹۸۳ء کے اس بجٹ میں خسارے کی سرمایہ کاری کا اندازہ ۱۰ ارب روپے لگایا گیا ہے۔

ـ توانائی، زراعت، تعلیم اور صحت پر زیادہ رقم خرچ کی جائیں گی۔

ـ وفاقی حکومت کے اخراجات میں ۱۰ فیصد اور صوبائی حکومتوں کے اخراجات میں ساڑھے سات فیصد

فضائی ٹکٹ اور زرمبادلہ خریدنے کے لئے سٹیٹ بینک کی اجازت ضروری نہیں ہو گی

سمندر پار پاکستانیوں کے لئے نئے بیگیج رولز کا اعلان کر دیا گیا

نئے رولز کے تحت ۱۱ ہزار روپے کی اشیاء ڈیوٹی فری لائی جا سکیں گی

ملزموں کو ضمانت پر رہا کر دیا جائے: منتظری

حقوق انسانی کا احترام

مصری حکومت پر دباؤ ڈالا جائے

طلبہ کی تمام یونینوں پر پابندی عائد کر دی جائے

پاکستانی یونیورسٹیوں کے وائس چانسلروں کا مطالبہ

۱۴ اگست کو کوئی ڈھانچہ آیا تو وہ ہمارے دباؤ کا نتیجہ ہوگا

عوام گھٹن محسوس کر رہے ہیں جس کا عالم ہو تو لوگ دعا کے طور پر مولانا فضل الرحمٰن

ڈنمارک میں پاکستانی بچوں کیلئے پہلا اسکول

پارسل کے ذریعے ایک کروڑ روپے کی ہیروئن سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی گئی

پکڑا جانے والا پارسل کوئٹہ سے نیویارک میں کسی پتے پر بھیجا جا رہا تھا

ماں بیٹی کا فیسوں میں اضافے کے خلاف احتجاج

سٹی کالج کے سکول پر تیل چھڑک کر آگ لگا دی